فوری ریلیز کے لیے: 23/12/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے کارلوس کے قانون کے قیام کے قانون پر دستخط کر دیے

مسودۂ قانون S.621B/A.4947B کسی ملازم کی موت یا سنگین جسمانی چوٹ کے لیے مجرمانہ ادارہ جاتی ذمہ داری کو شامل کرنے کے لیے تعزیری قانون میں ترمیم کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج کارلوس کے قانون کے قیام کے قانون پر دستخط کر دیے ہیں۔ مسودۂ قانون (S.621B/A.4947B) کسی ملازم کی موت یا سنگین جسمانی چوٹ کے لیے مجرمانہ ادارہ جاتی ذمہ داری کے لیے سزاؤں میں اضافہ کرنے کے لیے، سنگین جرم یا مواخذۂ جرم، $500,000 تک کا جرمانہ کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کے تعزیرات کے قانون میں ترمیم کرتا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "تعمیراتی محنت کش وہ انجن ہیں جو ہماری معیشت کو متحرک رکھتے ہیں، اور وہ قانون کے تحت مضبوط تحفظ کے مستحق ہیں"۔ "یہ قانون سازی حفاظتی طریقہ ہائے کار کے لیے جوابدہی کی ایک نئی پرت کا اضافہ کرے گی اور ان افراد کے لیے اہم تحفظ قائم کرے گی جو یہ اہم، مشکل اور اکثر خطرناک کام کرتے ہیں۔ میں اس کام کو انجام دینے میں شراکت داری کرنے پر مسودۂ قانون پیش کرنے والوں کی شکرگزار ہوں، اور مجھے امید ہے کہ اس سے کارلوس کے خاندان اور عزیز و اقارب کو سکون ملے گا"۔

کارلوس کا قانون (S.621B/A.4947B) نیو یارک کی تعمیراتی جگہوں پر محنت کشوں کے لیے المناک اور قابلِ گریز چوٹ کے لیے زیادہ جوابدہی پیدا کرتا ہے۔ نئی قانون سازی کے تحت، کسی محنت کش کی موت یا چوٹ کے لیے ایک کاروباری ادارہ مجرمانہ ادارہ جاتی جوابدہی کے لیے قصوروار ہوتا ہے جب وہ اپنے ملازمین کے کام پر ہونے کے دوران غفلت، لاپرواہی، دانستہ طور پر، جانتے بوجھتے ہوئے اپنے ملازمین کی موت یا شدید جسمانی چوٹ کا سبب بنتا ہے۔ اس قانون کا نام ایک 22 سالہ تعمیراتی محنت کش کارلوس مونکایو کے نام پر رکھا گیا ہے، جو سنہ 2015 میں نیو یارک سٹی کی ایک تعمیراتی سائٹ پر المناک طور پر ہلاک ہو گیا تھا۔

ریاستی سینیٹر James Sanders نے کہا، "سنہ 2015 میں، 22 سالہ کارلوس مونکایو، جو کوئینز کا رہائشی اور ایکواڈور کا ایک تارکِ وطن تھا، کام کی جگہ پر اس وجہ سے ہلاک ہو گیا تھا کہ اس کے آجروں نے اُن خطرناک حالات کے بارہا انتباہ کو نظر انداز کر دیا تھا، جن میں مسٹر مونکایو کو رکھا گیا تھا۔ اس کے کیس میں انصاف نہیں ہوا اور اس کے آجر مجرمانہ کارروائیوں کی مناسب سزا سے بچ گئے۔ اس کے بعد سے، نیو یارک کے بہت سے محنت کشوں کو اپنے سپروائزرز کے اسی طرح کے رویے سے کام کی جگہ پر شدید چوٹ اور موت کا سامنا کرنا پڑا ہے جن میں سپروائزروں کو اپنے اعمال کے مکمل نتائج کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ کارلوس کا قانون بالآخر آجروں کو مناسب طور پر جوابدہ ٹھہرانے اور مستقبل میں مجرمانہ رویے کو روکنے اور محنت کشوں کی چوٹ اور موت کو روکنے میں مدد کرنے کے قانون کو تقویت فراہم کرے گا"۔

رکنِ اسمبلی Rodneyse Bichotte Hermelyn نے کہا، "میرے حمایت یافتہ مسودۂ قانون کے لیے برسوں کی جدوجہد کے بعد، ہمیں خوشی ہے کہ گورنر Hochul نے کارلوس کے قانون پر دستخط کر دیے ہیں تاکہ بے ایمان تعمیراتی فرموں کو میرے ضلع میں محنت کش طبقے، خاص طور پر تارکینِ وطن محنت کشوں کا استحصال کرنے سے روکا جا سکے۔ کئی بحثوں کے بعد، مجھے خوشی ہے کہ آخر کار میں نے تعمیراتی فرموں کو کام کی جگہ پر

مناسب تربیت اور حفاظت فراہم کرنے کے لیے جوابدہ ٹھہرایا ہے۔ کارلوس کا قانون اب تعمیراتی فرموں کو مزدوروں کی فلاح و بہبود کی قدر کرنے پر مجبور کرے گا، بجائے اس کے کہ کام کی جگہ پر لگنے والی سنگین چوٹوں کو کاروبار کرنے کی لاگت کے طور پر منہا کر دیا جائے۔ ترمیم شدہ قانون ذیلی ٹھیکیداروں، دیہاڑی داروں اور دیگر کارکنوں جو ان حقوق کے مستحق ہیں، کو شامل کرنے کے لیے 'ملازمین' کی تعریف اور تحفظ کو بھی وسعت دیتا ہے، جبکہ ان کے آجروں کے لیے مستوجبِ سزا ہونے کو بھی شامل کرتا ہے۔ اگرچہ ایک قابلِ نفاذ جرمانہ ہے جو خلاف ورزی کرنے والوں کو روکے گا، لیکن اتنا پیسہ کبھی بھی نہیں ہو گا جو جانے والی جان کو واپس لا سکے"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "جو خواتین و حضرات ریاست نیو یارک کو تعمیر کرتے ہیں وہ کام کرنے کے ایسے حالات کے مستحق ہیں جو بلند ترین حفاظت اور صحت کے معیارات پر پورا اترتے ہوں اور بے ایمان ٹھیکیداروں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے میں کارلوس کے قانون کے نفاذ کے لیے گورنر Hochul کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ ہم اہلیت کے حامل کاروباروں کو محکمۂ محنت (Department of Labor, DOL) کے مفت آن سائٹ مشاورتی پروگرام کا فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیتے ہیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ان کے کام کی جگہیں ان کے ملازمین کے لیے محفوظ ہوں"۔

LIUNA مشرقی ریجن کے نائب صدر Mike Hellstrom نے کہا، "ہم کارلوس کے قانون پر دستخط کرنے پر گورنر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ نیو یارک میں ہر 5 سے 6 دن میں ایک تعمیراتی مزدور کی ملازمت کی جگہ پر ہلاکت ہوتی ہے۔ یہ مسودۂ قانون، جو کارلوس کے آجر کے مقابلے میں پچاس گنا زیادہ جرمانے کی اجازت دے گا، سب سے پہلے اور سب سے اہم رکاوٹ ثابت ہو گا۔ مقننہ اور گورنر Hochul تسلیم کرتے ہیں کہ مرنے والے تعمیراتی مزدوروں کی مجازی وباء کو ختم ہونا چاہیے۔ قانون سازی کے اس حصے میں، ہم نے اس مقصد کی طرف ایک زبردست چھلانگ لگائی ہے۔ ہم نیو یارک کے محنت کش لوگوں کی حمایت کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں"۔

میسن ٹینڈرز ڈسٹرکٹ کونسل کے بزنس مینیجر Mike Prohaska نے کہا، "تعمیرات فطری طور پر ایک خطرناک کاروبار ہے۔ لیکن ضروری نہیں کہ یہ جان لیوا ہی ہو۔ برے لوگ اپنی ملازمت کی جگہوں کو چلانے کے لیے ایسے مزدور تلاش کرتے ہیں جن کا سب سے زیادہ استحصال کیا جا سکتا ہو۔ ہر پانچ میں سے تقریباً چار اموات میں متاثرہ شخص یونین کی نمائندگی کے بغیر تارکِ وطن ہوتا ہے۔ اپنی ملازمت کی جگہوں پر، ہم محنت کشوں کا تحفظ کرتے ہیں۔ ہم آج ایسے محنت کشوں کے لیے کھڑے ہونے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو اتنے خوش قسمت نہیں کہ یونین میں شامل ہوں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418